Acknowledgement

# ہدیہء تشکّر


اللہ کے نام سے شروع جس پاک ذات نے مجھے علم وادب جیسے مضبوط وسائل کے ذریعہ ادبی خدمات دینے کی صلاحیات بخشی اورآیندہ بھی اسی طرح اسکی رحم اورعنایت سے مجھے راستہ ملتا جائے گا۔

اپنے والدمرحوم کی زندگانی میں اگر یہ تحقیقی مقالہ مکمل کرپاتی تو شاید کچھ قرض میرااداہوجاتا، بحرحال اب ہی سہی کچھ حق توادا کررہی ہوں۔

والدہ نسیم بانو جن کے ردّعمل اورحوصلہ افزا اقدامات نے میرے علمی شعورکوجلا بخشی انہوں نے ہمیشہ میراساتھ ایک دوست کی طرح دیا۔

اپنے شوہرایڈوکیٹ اسمٰعیل کااگر ساتھ نہ ہوتا تو میرے لئے مزید علم حاصل کرنا ممکن نہ ہوتا۔انہوں نے اپنی تمام مصروفیات کے باوجود میراایک رفیق کی طرح ساتھ دیا۔

محترم مشتاق احمد صاحب (بڑے سر) جنہوں نے مجھے ہمیشہ اپنی بیٹی کی طرح چاہااور ہرہرقدم پر میری رہنمائی اورحوصلہ افزائی کرتے رہے۔ان کاشکریہ اداکرکے ان کی اہمیت کم کرنا نہیں چاہتی۔

محترم بلال احمد صاحب کی شکرگزارہوں کہ انہوں نے ہرحالات میں میرے کام کی رفتارکوکم ہونے یارکنے نہ دیا،

پروفیسر مقصود احمد صدر شعبہ فارسی ،عربی اوراُردو کی احسان مندہوں کہ انہوں نے اپنے مفید مشوروں سے نوازہ۔

ڈاکٹر انورظہیر انصاری کی شکرگزارہوں کہ انہوں نے میری پی۔ایچ۔ڈی۔ کے لئے نگراں بننا منظورکیا، اورمیرے لئے اپنے علم کا در ہمیشہ کھلا رکھا، انہوں نے اپنی مثبت فکر، اپنی عنایت کے ذریعہ اس مقالےکوتکمیل تک لے جانے میں میری ہمہ جہت رہنمائی کی۔

آخر میں ان تمام کرم فرماؤں خصوصاً اپنے اساتذہ کی رہینِ منت ہوں جنہوں نے کسی بھی مرحلے میں میری ہمّت افزائی کی ہے۔

N. Shaikh
28/12/012